خبروں کا اعلامیہ

# قابل استطاعت ادائیگی کا پورٹل18 جنوری کو کھلتا ہے

17جنوری، 2023 میڈیا انکوائریز

## 18جنوری کو صبح 9 بجے سے، البرٹا کے اہل والدین اور بزرگ چھ ماہ کی مدت کے دوران قابل استطاعت ادائیگیوں میں 600 ڈالروصول کرنے کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

البرٹا کی معیشت مضبوطی سے بحال ہوئی ہے، لیکن بہت سے لوگ اپنے گھروں کو گرم کرنے اور اپنے خاندانوں کا پیٹ پالنے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں اور حکومت مدد کرنا چاہتی ہے۔ البرٹا کی حکومت تمام البرٹنزکی مدد کے لیے وسیع البنیاد تعاون کے ساتھ ساتھ خاندانوں، بزرگوں اور سب سے زیادہ کمزور لوگوں کے لیے ہدفی امداد فراہم کر رہی ہے۔

محفوظ آن لائن ایپلیکیشن پورٹل 18 جنوری کو صبح 9 بجے شروع ہو گا۔ جن خاندانوں کی گھریلو آمدنی 180,000 ڈالرسے کم ہے وہ 18 سال سے کم عمر کے ہر منحصر بچے کے لیے چھ ماہ کی مدت کے لیے ہر ماہ100 ڈالروصول کرنے کے اہل ہیں۔ 65 سال یا اس سے زیادہ عمر کے بزرگ، جن کی گھریلو آمدنی 180,000 ڈالرسے کم ہے اورجو البرٹا سینئرز بینیفٹ (Alberta Seniors Benefit) وصول نہیں کرتے ہیں، وہ بھی ماہانہ ادائیگیوں کے لیے درخواست دے سکتےہیں۔

کوئی بھی فرد، جو آسانی سے آن لائن نہیں جا سکتا وہ کسی بھی رجسٹری ایجنٹ یا البرٹا سپورٹ کے ذریعے باقاعدہ کاروباری اوقات کے دوران 50 مقامات اور 100 سے زیادہ زبانوں میں مدد حاصل کرنے کے لیے شخصی طور پر د موجود ہو کر (ان پرسن) رخواست دے سکتا ہے۔

درخواستیں 18 جنوری اور 30 جون، 2023 کے درمیان کسی بھی وقت قبول کی جائیں گی۔ درخواست کی کارروائی مکمل ہونے کے بعد، زیادہ تر البرٹنز اس مہینے کے آخر میں ادائیگیاں وصول کریں گے۔ عین مطابق وقت مختلف ہوگا۔

### آن لائن درخواست دینا تیز اور محفوظ طریقہ ہے

براہ راست مدد کے لیے ایپلیکیشن پورٹل کو ذاتی رازداری اور سیکیورٹی کو مدنظر رکھتے ہوئے ڈیزائن کیا گیا تھا۔ درخواست دینے کے لیے، اہل والدین اور بزرگوں کے پاس تصدیق شدہ یا زیر التواء تصدیق شدہ اکاؤنٹ ( impending Verified Account) ہونا ضروری ہے، جو البرٹنز کو کاغذی دستاویزات یا آمنے سامنے آئے بغیر آن لائن ثابت کرنے کی اجازت دیتا ہے کہ وہ کون ہیں۔

البرٹنز سائن ان کرنے اور اپنی آن لائن درخواست مکمل کرنے کے لیے اپنے تصدیق شدہ اکاؤنٹ(Verified Accountf) سے لاگ ان معلومات کا استعمال کریں گے۔ درخواست دہندگان سے ان کی اہلیت کی تصدیق کے ساتھ ساتھ بینکنگ کی معلومات کے کئی سوالات پوچھے جائیں گے، تاکہ ادائیگی براہ راست ان کے بینک اکاؤنٹ میں جمع کی جا سکے۔ جن درخواست دہندگان کے بینک اکاؤنٹس نہیں ہیں، وہ بھی ڈاک کے ذریعے چیک کی صورت میں اپنی ادائیگیاں وصول کرنے کا انتخاب کرسکتے ہیں۔

شخصی طور پر(ان پرسن)، آن لائن اور کال- ان سپورٹس بھی ان لوگوں کے لیے دستیاب ہیں جنہیں آن لائن درخواست دینے میں دشواری کا سامنا ہے یا انہیں اضافی مدد کی ضرورت ہے۔

### کمزور البرٹنز خود بخود ادائیگیاں وصول کریں گے

بہت سے البرٹنز جو افراط زر سے نجات (inflation relief) کی براہ راست ادائیگیوں کے لیے اہل ہیں، وہ خود بخود اندراج ہو

جاتے ہیں اور انہیں پورٹل کے ذریعے یاشخصی طور پر (ان پرسن) درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔ ہر وہ شخص جو بیمہ شدہ آمدنی برائے شدید معذور(Assured Income for the Severely Handicapped (AISH) ، انکم سپورٹ یا البرٹا سینئرز بینیفٹ (Alberta Seniors Benefit)کے ذریعے فوائد حاصل کرتا ہے، یا پرسنز ود ڈیولپمنٹل ڈس ایبلٹیز (Persons with Developmental Disabilities (PDD) پروگرام کے ذریعے خدمات حاصل کرتا ہے، وہ پہلے سے ہی رجسٹرڈ ہے اور 31 جنوری سے شروع ہونے والی اپنی 100 ڈالر کی ادائیگی خود بخود وصول کرے گا۔ اگر آپ ان پروگراموں میں سے کسی ایک کے وصول کنندہ ہیں اور آپ کے زیر کفالت بچے بھی ہیں جن کی عمر 18 سال سے کم ہے تو، آپ کو پورٹل کے ذریعے اپنے بچوں کے لیے ادائیگیاں وصول کرنے کے لیے درخواست دینا ہوگی۔

رضاعی اور رشتہ داری کی دیکھ بھال کرنے والے بھی خود بخود رجسٹر ہو جاتے ہیں اور انہیں اپنی زیردیکھ بھال بچوں کے لیے درخواست دینے کی ضرورت نہیں ہے۔

قابل استطاعت ادائیگیوں میں 600 ڈالرکے ساتھ، قابل استطاعت ایکشن پلان (Affordability Action Plan)بجلی کی کل چھوٹ میں500 ڈالر اور تخمینہ ایندھن کے ٹیکس میں سینکڑوں ڈالر کی چھوٹ کے ساتھ ساتھ قدرتی گیس کی قیمتوں سے تحفظ اور انکم ٹیکس میں تبدیلیاں بھی فراہم کر رہا ہے، تاکہ گزارےکی بڑھتی ہوئی لاگت میں مدد مل سکے۔ کمزور البرٹنز کی مزید مدد کے لیے، البرٹا کی حکومت نے بنیادی امدادی پروگراموں اور فوڈ بینک کی اضافی فنڈنگ میں اضافہ کیا ہے۔

**فوری حقائق**

- درخواستیں 30 جون تک جمع کرائی جا سکتی ہیں، ان پچھلے مہینوں کی ادائیگیوں کو شامل کر کے، جب سےکوئی شخص اہل تھا۔
- درخواست دہندگان جو تمام مطلوبہ معلومات فوری طور پر فراہم کرنے کے قابل نہیں ہیں انہیں اپنی درخواست کو محفوظ کرنے کا موقع ملے گا، جب تک کہ وہ باقی تفصیلات شامل کرنے کے لیے درخواست پر واپس نہ آجائیں۔ جب تک کہ وہ متعلقہ معلومات فراہم نہیں کر سکتے، ان کی ادائیگیوں میں تاخیر ہو سکتی ہے ۔
- البرٹا کی حکومت آمدنی کی بنیاد پر اہلیت کی تصدیق کے لیے کینیڈا ریونیو ایجنسی (CRA) سے 2021 کا ٹیکس ڈیٹا استعمال کرے گی۔
- اپنی درخواستوں میں مدد کے لیے، البرٹنز:
  - تصدیق شدہ اکاؤنٹ(Verified Account) سپورٹ لائن کو 1-844-643-2789پر کال کرسکتے ہیں۔
  - 1-844-644-9955پر افورڈیبلٹی ایکشن پلان انفارمیشن لائن (Affordability Action Plan Information Line) پر کال کرسکتے ہیں۔
  - 50مقامات اور 100 سے زیادہ زبانوں میں بلا معاوضہ تعاون حاصل کرنے کے لیے کسی بھی رجسٹری ایجنٹ یا البرٹا سپورٹس (Alberta Supports)کے سنٹر پر شخصی طور پر (ان پرسن) جاسکتے ہیں۔درخواست کی مدت کے دوران، البرٹا سپورٹس (Alberta Supports) درج ذیل طور پر بڑھائے گئے گھنٹے فراہم کر رہا ہے:
    - سہ پہر4:30 بجے سے رات 8 بجے تک، پیر سے جمعہ، اور
    - ہفتہ کے دن صبح 9 بجے سے دوپہر 3 بجے تک۔
- تمام آن لائن اکاؤنٹس کی طرح، البرٹنز کو مضبوط پاس ورڈ ز استعمال کرنے چاہئیں اور اپنے پاس ورڈ کا اشتراک کسی اور کے ساتھ نہیں کرنا چاہیے۔ ایک مضبوط پاس ورڈ بنانے کے طریقے سے متعلق تجاویز ایپلیکیشن سائٹ پر دستیاب ہیں۔
- البرٹا کی حکومت البرٹا کےباشندوں سے ادائیگیاں وصول کرنے کے لیے ذاتی یا بینکنگ معلومات جمع کرانے کی مقصد سے ٹیکسٹس یا ای میلز نہیں بھیجے گی۔
- اضافی معلومات بشمول اس عمل کو کیسے کرنا ہے اس بارے میں ویڈیو، اور سوالات کے جوابات، آن لائن دستیاب

Classification: Public

ہیں۔

**میڈیا سے پوچھ** گچھ

[اینڈریا فارمر (Andrea Farmer)]

780-405-0775

پریس سیکرٹری افرڈبیلیٹی اینڈ یوٹیلٹیز

(Press Secretary Affordability and Utilities)

[میلیسا کرین (Melissa Crane)]

780-777-3409

پریس سیکرٹری ٹیکنالوجیاینڈ انوویشن

(Press Secretary, Technology and Innovation)